Total No. of Printed Pages : 4]

01U / 02U (A)

# URDU, Paper - I

*(First Language)*

Part A and B

Time : 3 Hours 15 Minutes | Maximum Marks : 80

---

## Part - A

Time : 2 Hours 45 Minutes | Maximum Marks : 60

**ہدایات:** (1) پرچہ سوالات پڑھئے اور سمجھئے، سوالوں کے جواب لکھئے۔

(2) تمام سوالوں کے جواب جوابی بیاض میں لکھئے۔

I (الف) ذیل کا پیرا گراف پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ 5 x 1 = 5

ابو طالب نے محبت اور شفقت کے آنسوؤں سے بھتیجے کے چہرے سے گرد یتیمی کو دھویا ہر طرح کی غم خواری کی۔ دلدہی کے تمام میسر اسباب صرف کر دیے۔ اپنے بچون سے زیادہ شفقت اور راحت کے ساتھ پالا۔ عبداللہ کے دُرِّ یتیم کی ذرا سی بے چینی بھی غم خوار چچا کو گوارا نہ تھی۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیر میں ذرا سا کانٹا بھی چبھتا تو اس کی کھٹک ابو طالب کا دل محسوس کرتا۔ یہ حالت دیکھ کر اہل مکہ کہنے لگے، بھئی! ابو طالب! آخر سید القریش عبدالمطلب کا بیٹا بلکہ صحیح وارث اور جانشین ہے۔ اس سے اسی قسم کے شریفانہ برتاؤ کی توقع تھی۔ پھر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی غیر نہیں ہے، ابو طالب کا خون اور گوشت پوست ہے......اور پھر بچہ بھی کیسا؟ کہ غیر دیکھ کر نہ صرف پیار بلکہ احترام کرتے ہیں۔ اس یتیم کی خدمت کر کے ابو طالب اپنے لیے خیر وسعادت کا ذخیرہ جمع کر رہا ہے۔

تجارت کی غرض سے ابو طالب جب شام جانے لگے تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر بارہ برس کے لگ بھگ تھی۔ ابو طالب یتیم بھتیجے کو بہت عزیز رکھتے تھے مگر اس سفر میں ساتھ لے جانا مناسب نہ سمجھا۔ خیال آتا تھا کہ دور دراز کا سفر ہے۔ راستہ میں سبزہ زار اور دریا کے مناظر نہیں ہیں جو بچہ کا دل بہلتا رہے۔ لق ودق صحرا ہے، کوسوں تک آبادی کا نام ونشان نہیں۔

(1) ابوطالب اپنے بھتیجے کا کس طرح خیال رکھتے تھے؟

(2) اہلِ مکہ کی ابوطالب کے بارے میں کیا رائے تھی؟

(3) ابوطالب اپنے لیے خیر وسعادت کا ذخیرہ کس طرح جمع کر رہے تھے؟

(4) ابوطالب تجارت کی غرض سے کہاں جا رہے تھے؟

(5) لفظ ''صحرا'' کو جملے میں استعمال کیجیے۔

**(ب) ذیل کے اشعار کی بحوالہ متن تشریح کیجیے۔** 1 x 5 = 5

(6)

اسی پر ہمیشہ بھروسا کرو تم اسی کے سدا عشق کا دم بھرو تم
اسی کے غضب سے ڈرو گر ڈرو تم اسی کی طلب میں مرو جب مرو تم

مبرا ہے شرکت سے اِس کی خدائی
نہیں اس کے آگے کسی کو بڑائی

یا

جب کہ تم بن نہیں کوئی موجود پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے
سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں ابر کیا چیز ہے ہوا کیا ہے

**(ج) ذیل کا پیراگراف پڑھیے اور پانچ سوالات تیار کیجیے۔** 5 x 2 = 10

ایک زمانہ تھا جب مسلمانوں میں علم وحکمت عام تھی۔ جب یورپ جہالت کی تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا اس وقت اہل عرب علم وحکمت کی شمع فروزاں کر رہے تھے۔ طب، ریاضی، نجوم، ہیت، منطق میں انتہائی کمال پر پہنچے ہوئے تھے۔ ابن خیام سے لے کر بوعلی سینا تک بہت سے سائنس داں اپنی حکمت سے دنیا کے علم میں اضافہ کر رہے تھے۔

عرب کے مشہور حکیموں اور سائنس دانوں میں بوعلی سینا ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ ان کا پورا نام بوعلی حسین بن عبداللہ بخاری تھا۔ 22 سال کی عمر میں سیر وسیاحت پر نکلے اور دنیا کی خوب سیر کی۔ انھوں نے بہت سی کتابیں بھی لکھیں۔ جن میں ''شفا اشارات'' اور ''قانون'' زیادہ مشہور ہیں۔ ان کتابوں کے ترجمے دنیا کی کئی زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ تمام بڑے سائنس دانوں اور طبیبوں نے ان کتابوں سے فائدہ اٹھایا ہے۔

سوالات 7, 8, 9, 10, 11

**II (A) ذیل کے سوالوں کے جواب 4 تا 6 جملوں میں لکھئے۔ ہر حصہ سے دو دو سوالات کے جوابات لکھیں۔**

4 x 4 = 16

**''حصہ الف''**

(12) کیفی اعظمی نے اس دنیا میں جینے کے ڈھنگ عورت کو کس طرح سکھائے ہیں؟

(13) نسخۂ کیمیا کسے کہا گیا ہے؟ اور کیوں؟

(14) شاعر نے نظم ''خون کا رنگ'' میں قومی یکجہتی کے لیے کونسی چیزوں کو ضروری قرار دیا ہے؟

(15) مرزا غالبؔ کے کلام کی خصوصیات لکھئے۔

**''حصہ ب''**

(16) ''یہ تو گھور کل یگ کی نشانی ہے'' یہ جملہ کس پس منظر میں کہا گیا ہے؟ لکھئے۔

(17) جہانگر علی نے محمد قلی قطب شاہ کو شہر حیدرآباد کے کون کونسے مناظر دیکھائے۔

(18) ''اردو زبان ہندوستانی زبانوں کا تاج محل ہے''۔ منصف نے ایسا کیوں کہا؟

(19) منور ارآنا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

**(B) مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دس تا بارہ جملوں میں لکھئے۔ ہر حصہ سے ایک ایک سوال کا جواب لکھا جائے۔**

2 x 8 = 16

**''حصہ الف''**

(20) نعت میں شاعر نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(21) نظم ''خون کا رنگ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(22) غالب نے اپنی غزل میں جن دلی کیفیت کو بیان کیا ہے تحریر کیجئے۔

''حصہ ب''

(23) ڈاکٹر ذاکر حسین نے وطن کی خدمت کرنے کا کیا طریقہ بتایا ہے؟ لکھئے۔

(24) بقول منور رانا کے'' گاؤں اور شہر کے رسم و رواج اور رہن سہن میں بہت فرق ہوتا ہے''۔ کیسے؟ وضاحت کیجئے۔

(25) عبدالکلام اپنے مقصد کے حصول میں کس طرح کامیاب ہوئے؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

**(C) مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے۔** 1 x 8 = 8

(26) اردو زبان کی اہمیت پر پانچ نعرے تحریر کیجئے۔

(27) علاقے کی صفائی کے لیے کمیشنر بلدیہ کے نام درخواست لکھئے۔

(28) ایک اچھے طالب علم کے فرائض پر مضمون لکھئے۔

# URDU, Paper - I

*(First Language)*

Part A and B

---

**Part - B**

Time : 30 Minutes　　　　Maximum Marks : 20

**ہدایات:** (1) **تمام سوالوں کے جواب متعینہ جگہ میں ہی لکھیں۔**

(2) Part - B **پرچہ سوال کی تکمیل کے بعد** Part-A **کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔**

(20 Marks)

I **(الف)** **ذیل کے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔** 2 x 1 = 2

1. گھر کرنا:- ..........................................................................................

2. راہ تکنا:- ..........................................................................................

**(ب) مندرجہ ذیل کے جملوں میں خط کشیدہ لفظ کے صحیح معنی کی نشاندہی کر کے علامت** A / B / C / D **کو قوسین میں لکھئے۔** 2 x 1 = 2

3. یہاں ناخواندہ لوگوں کی زیادہ تعداد تھی۔ ( )

(a) تعلیم یافتہ (b) غیر تعلیم یافتہ (c) پیشہ ور (d) مہذب

4. ہر انسان سے کبھی نہ کبھی کوئی نہ کوئی لغزش ہو ہی جاتی ہے۔ ( )

(a) خطا (b) کوشش (c) انعام (d) محنت

**(ج)** **ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ لفظ کی ضد کی نشاندہی کر کے علامت** A / B / C / D **کو قوسین میں لکھئے۔** 2 x 1 = 2

5. یہ کام کل شب انجام پائے گا۔ ( )

(a) رات (b) دن (c) روز (d) صبح

6. تکمہ کوئی گرا ہے مہتاب کی قبا کا۔ (     )

(a) تارے (b) آفتاب (c) چاند (d) سورج

(د) ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ لفظ کی واحد/جمع کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

2 x 1 = 2

7. حضرت عمر فاروقؓ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ ہیں۔ (     )

(a) بادشاہ (b) حاکم (c) خلفاء (d) حکماء

8. شہد میں حیران کن فوائد موجود ہیں۔ (     )

(a) نقصان (b) فائدہ (c) فائدے (d) اہمیت

(ھ) ذیل کے خالی جگہوں کے لیے مناسب سابقہ/لاحقہ کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

2 x 1 = 2

9. احمد ایک خدمت.....................لڑکا ہے۔ (     )

(a) کار (b) گزار (c) نگار (d) دار

10. .....................قسمتی سے ہم نے شکست کھائی۔ (     )

(a) بد (b) نا (c) با (d) بے

II مندرجہ ذیل سے صحیح جواب کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 10 x 1 = 10

11. شعری محاسن کو اجاگر کرنا اور اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے۔ (     )

(a) علم عروض (b) علم بیان (c) علم الاعداد (d) علم صرف

12. یہ کشمیری شال ہے۔ خط کشیدہ لفظ صفت کی یہ قسم ہے۔ (     )

(a) صفت نسبتی (b) صفت ذاتی (c) صفت مقداری (d) صفت عددی

13. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔ (　　)

(a) مقطع　(b) حسن مطلع　(c) مطلع　(d) قافیہ

14. یہ علامت طویل ٹھراؤ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ (　　)

(a) قوسین　(b) وقفہ　(c) سکتہ　(d) ختمہ

15. لفظ ''عبدالرحمٰن'' ہے۔ (　　)

(a) حروف قمری　(b) حروف علت　(c) حروف شمسی　(d) حروف صحیح

16. تین حرفی لفظ جس کے پہلے دو حروف متحرک اور تیسرا ساکن ہو کہلاتا ہے۔ (　　)

(a) فاصلہ　(b) سبب　(c) بحر　(d) وتد

17. موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

اس شعر میں استعمال ہوئی صنعت ہے۔

(a) صنعت تضاد　(b) صنعت کنایہ

(c) تشبیہ　(d) استعارہ

18. جملے کے عناصر ہوتے ہیں (　　)

(a) تین　(b) چار　(c) پانچ　(d) دو

19. ''انور بیمار ہے۔'' یہ جملہ ہے۔ (　　)

(a) جملہ خبریہ　(b) جملہ انشائیہ　(c) سوالیہ جملہ　(d) فجائیہ

20. ''انشاء'' کے معنی ہیں۔ (　　)

(a) پیدا کرنا　(b) لکھنا　(c) فکر کرنا　(d) عمل کرنا